© rasailojaraid.com



تاریخ اسلام بلکہ اقوام مغرب کی تاریخ پر بھی خاصا عبور رکھتے ہیں۔

مصنف نے اس کتاب میں 'رموز معراج شریف'، 'فلسفہ قربانی'، 'خدمت خلق' اور 'صدقہ کے فضائل و برکات' پر بھی لکھا ہے۔ ایک مضمون 'رجب کے کونڈے' پر ہے۔ اس کے علاوہ 'التاریخ والتقویم' کے عنوان سے بہت وقیع مقدمہ ہے۔ آپ قمری حساب کے اہتمام اور شمسی حساب سے اجتناب ضروری سمجھتے ہیں لیکن معارف القرآن کے حوالے سے مولانا مفتی محمد شفیعؒ کی اس رائے سے متفق نظر آتے ہیں کہ اس کے یہ معنی نہیں کہ شمسی حساب رکھنا یا استعمال کرنا ناجائز ہے، بلکہ اس کا اختیار ہے کہ کوئی شخص نماز، روزہ، زکوٰۃ اور عدت کے معاملے میں تو قمری حساب شریعت کے مطابق استعمال کرے مگر اپنے کاروبار، تجارت وغیرہ میں شمسی حساب استعمال کرے۔ (ص ۲۹)

مولانا ارکانی نے متعدد مضامین میں پاکستان، امریکا، انڈونیشیا، ترکستان، تاجکستان، چیچنیا، افغانستان، سوڈان اور صومالیہ ویمن کی تاریخ بیان کی ہے۔ پاکستان کی تاریخ کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ اس کا ایک حصہ جناب واجد رضا اصفہانی کے مضامین پر مشتمل ہے۔

مولانا واقعاتی معلومات اور اعداد و شمار کے لیے مقامی اخبارات و رسائل کا حوالہ دیتے ہیں، اگر وہ جدید وقدیم معروف کتابوں کے حوالے بھی ساتھ ہی دیتے تو بہتر تھا۔ یہ کتاب مذہبی، سیاسی اور عالمی معلومات کا ایک مجموعہ ہے۔ چند واقعات پر تبصرے بھی شامل ہیں۔ عالمِ اسلام سے دل چسپی رکھنے والے حضرات اور طلبا اسے اپنے لیے مفید پائیں گے۔ (ف - ا - ش)

**اسلامی آدابِ زندگی**، محمد منصور الزمان صدیقی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، ضلع نوشہرہ۔ صفحات: ۹۳۷۔ قیمت: درج نہیں۔

صدیقی ٹرسٹ کراچی ایک عرصے سے مختلف النوع دینی، تبلیغی اور دعوتی کتابچے شائع کر کے تعلیمات اسلامی کے فروغ میں مفید خدمات انجام دے رہا ہے۔ زیرنظر کتاب میں ٹرسٹ کے بانی اور صدرنشین محمد منظور الزمان صدیقی کے مرتبہ ۵۵ کتابچوں کو یکجا کیا گیا ہے۔ موضوعات گوناگوں ہیں: قرآن، حدیث، دعا، تقویٰ، اخلاق حسنہ، حسنِ معاشرت، نماز، روزہ، حج،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زکوٰۃ' اقتصادی مسائل' آدابِ مجلس' مسجد کا احترام' قتل' خودکشی' حلال وحرام' عالم اسلام' پاکستان اور صلیبی جنگ' مخلوط تعلیم' پاکستان کا مطلب کیا؟ عیسائیوں کی تبلیغی سرگرمیاں' صحت اور جیب کے دشمن (چاۓ' پان' سگریٹ) خواتین کے حقوق' پردہ' نیل پالش' وغیرہ وغیرہ۔ غرض یہ ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں مفکرانہ یا فلسفیانہ انداز کے بجاۓ سادہ' عام فہم اور سلیس اسلوب میں اسلامی تعلیمات کو متوازن انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ کتابت ضرورت سے زیادہ جلی ہے اور اس میں پھیلاؤ بہت ہے۔ فنی تدوین سے کتاب کا حجم کم ہوسکتا تھا اور قیمت بھی۔ (رفیع الدین ہاشمی)

## تعارف کتب

☆ **تاریخ اسلام**، جلد اول' دوم۔ اکبر شاہ خان نجیب آبادی۔ ناشر: دارالمسلم' لاہور۔ صفحات: ۱۲۰۸' ۵۷۸۔ قیمت: ۳۰۰' ۱۵۰ روپے۔ [نجیب آبادی معروف مورخ ہیں ان کی یہ ضخیم کتاب ایک طرح سے کلاسکی حیثیت رکھتی ہے۔ سرورق: "تخریج وتصحیح" توضیحات مزید: عبداللہ ادیب" مگر یہ پتا نہیں چلتا کہ کیا اضافے یا تصحیح و توضیح کی گئی ہے؟ کاش ایک صفحاتی مقدمہ لکھنے کی زحمت کی جاتی۔ کتابت عمدہ اور خوش نما ہے۔ جلد اول کو دو حصوں میں یعنی پوری کتاب تین الگ الگ حصوں میں چھاپنا' ہمارے خیال میں بہتر تھا۔]

☆ **اوصافِ حمیدہ**، ڈاکٹر عبدالغنی فاروق۔ ناشر: کتاب سراۓ' الحمد مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۳۱۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [محترمہ حمیدہ بیگم مرحومہ جماعت اسلامی کی نہایت مخلص اور فعال رکن تھیں۔ اس نیک نفس خاتون کے سوانح اور شخصیت پر یہ کتاب' اب تیسری بار چھپی ہے۔ دیباچہ: نیر بانو۔ مقدمہ: بنت الاسلام اور تقریظ: ثریا اسما شاہد--- مرحومہ کے منتخب مضامین (ص ۱۷۱ تا ۲۹۶) بھی شامل ہیں۔ تربیتی اور دعوتی مقاصد کے لیے ایک عمدہ کتاب۔]

---

سید مودودیؒ پر

اول ودوم

ترجمان القرآن کی اشاعت خاص

قیمتی مقالات کا مجموعہ

اب

سی ڈی

اپنے کمپیوٹر پر مطالعہ کیجیے' ڈاؤن لوڈ کیجیے

خود لیجیے' دوسروں کو دیجیے

۹۰۰ سے زائد صفحات ، صرف ۶۰ روپے میں

تقسیم کار: [illegible] منصورہ لاہور- فون: 5411546

© rasailojaraid.com